مقالہ ہذا میں تفسیر معالم التنزیل کے تناظر میں امام بغوی کی علوم القرآن میں تحقیقات کا جائزہ لیا گیا ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔ مقالہ تین ابواب اور ذیلی فصول پر مشتمل ہے۔

باب اول میں امام بغوی کے احوال و آثار کا مطالعہ کیا گیا ہے۔ اس باب میں تین فصول قائم کی گئی ہیں۔ پہلی فصل میں امام بغوی کے حالات زندگی، دوسری فصل میں امام بغوی کی تصنیفی خدمات اور تیسری فصل میں تفسیر معالم التنزیل کا اجمالی تعارف پیش کیا گیا ہے۔

باب دوم میں الفاظ قرآنیہ سے متعلق مباحث علوم القرآن میں سے چند مخصوص مباحث کو فصول میں بیان کیا گیا ہے۔ پہلی فصل میں مباحث قراءات، دوسری فصل میں غرائب القرآن، تیسری فصل میں امثال القرآن کو زیر بحث لایا گیا ہے۔

باب سوم میں معانی قرآن سے متعلق مباحث علوم القرآن کو واضح کیا گیا ہے۔ جس میں پہلی فصل میں ناسخ و منسوخ، دوسری فصل میں محکم و متشابہ اور تیسری فصل میں حقیقت و مجاز شامل ہیں۔

مقالہ کے آخر میں خلاصہ بحث، سفارشات اور مصادر و مراجع کو درج کیا گیا ہے۔ نیز ہر صفحے پر حواشی و تعلیقات کا مروجہ طریقہ تحقیق کے مطابق اہتمام کیا گیا ہے۔